



# www.italy-ontheroad.it



## Safety on the car

## کار میں حفاظتی اقدامات

## بنیادی اقدامات





۔حفاظتی بیلٹ کا استعمال اور ایکسٹرا سیٹ (سیجو لینو) جو بچوں کیلئے گاڑی میں لگائی جاتی ہے۔سڑک پر ہونے والے حادثات سے زخمی اور موت واقع ہونے کی صورت میں حفاظتی بیلٹ کا استعمال ایک بنیادی اور درست طریقہ کار ہے۔اور حفاظتی بیلٹ کا استعمال شہر کے مرکز میں رہنے والے افراد کے لئے بھی ضروری ہے۔

حفاظتی بیلٹ کے صحیح استعمال کا طریقہ کار نیچے تصویر میں واضح بیان کیا گیا ہے۔







۔حفاظتی بیلٹ کا صحیح استعمال کریں اور بچوں کو صحیح طریقے سے ان کی سیٹ میں بیٹھائیں اور بچوں کے لئے بنائی گئی اس سیٹ کو بچوں کی عمر اور وزن کے حساب سے ہی استعمال کریں اور اچھے طریقے سے باندھیں۔اس کا استعمال اس لئے روری ہے تاکہ حادثات کے دوران زندگی کو بچایا جا سکے اور زخموں سے بھی بچا جا سکتا ہے۔

استعمال کا صحیح طریقہ نیچے تصویر میں بیان کیا گیا ہے۔






۔50 Km/h کی رفتار پر ہونے والا ٹکراو ایسے ہے جیسے کہ تیسری منزل سے گرنا ہے
جیسے تصویر میں بیان کیا گیا ہے۔



۔100 Km/h کی رفتار پر ہونے والا ٹکراو ایسے ہے جیسے کہ 13 منزل سے گرنا ہے۔
جیسے تصویر میں بیان کیا گیا ہے۔

۔دوران حمل بھی حفاظتی بیلٹ کا استعمال بے حد ضروری ہے حفاظتی بیلٹ کا استعمال صرف انہی خواتین کیلئے ممنوع قرار دیا جاتا ہے جن کو ڈاکٹر نے خطرات سے بچاؤ کیلئے باقاعدہ طور پر کسی سٹرفکیٹ پر لکھ کر دیا ہے کہ وہ اس کا استعمال نہ کریں۔

۔تصویر میں بیان کی گئی سرخ بیلٹ۔مطلب ہے کہ یہ بیلٹ باندھنے کا طریقہ درست نہیں
تصویر میں بیان کی گئی سبز بیلٹ۔مطلب ہے کہ یہ بیلٹ باندھنے کا طریقہ درست ہے۔

۔صحیح طریقے سے بحفاظت کسی بچے کو گاڑی میں لے جانے کا طریقہ کار

بہترین کمرشلز نے آپ کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں کی مناسب حفاظتی سیٹ خریدنے کے لئے آپ کیلئے آسانی پیدا کردی ہیں۔ بچوں کی حفاظتی سیٹ جو تیار کی جاتی ہیں اس میں صفر سے لے کر 36 کلوگرام تک کے نشوونما پانے والے بچوں کے لئے کھلی اور آرام دہ اور مناسب سیٹ کا استعمال کر سکتے ہیں اور اسے گاڑی میں فٹ کرنا بھی بہت آسان ہے۔ جو کہ ایک لمبے عرصے تک قابل استعمال ہے اور مناسب قیمت پر دستیاب بھی ہوتی ہیں۔



معذوروں کو گاڑی میں لے جانے کیلئے استعمال کی جانے والی حفاظتی سیٹ۔ °90 کے محور پر بنائی جانے والی یہ سیٹ بھی آسان سے دستیاب ہوتی ہے اور آسانی سے نصب بھی کی جاتی ہیں۔ اور یہ بھی واضح دیکھائی گئی ہے۔



۔افوسکس سسٹم بھی براہ راست گاڑی میں نصب کیا جا سکتا ہے۔ اور یہ بھی بہت ہی آسانی سے ہک اور بٹن کی مدد سے اس کو گاڑی میں نصب کیا اور اتارا جا سکتا ہے۔ مثلاً





- ۔اس کو نصب کرنے میں کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں
- ۔اور اس کی زیادہ سے زیادہ حفاظتی گارنٹی دی جا سکتی ہے
- ۔اور یہ ہر قسم کی ماڈل کی گاڑی میں بآسانی نصب کئے جا سکتے ہیں اور ان کے نصب کرنے کے بعد حفاظتی بیلٹ کا استعمال بھی بے حد ضروری ہے
- ۔اور یہ کہ یہ چند سکنڈ میں ہی نصب ہو سکتیے گاڑی میں اس کو نصب کرنے کسی قسم کا مسئلہ درپیش نہیں آتا

اس کو نصب کرنے کا طریقہ کار آپ تصویر میں دیکھ سکتے ہیں۔



۔یورپ نے قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں کی حفاظتی گاڑی میں نصب کی جانے والی سیٹ کی چار اقسام ہیں اس کو چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے بچوں کی عمر اور وزن کے مطابق

۔گروپ 0۔صفر سے لے کر نو مہینے کی عمر تک کے بچے کے لئے تیار کی گئی ہے اور وزن کے مطابق 13 کلوگرام تک کے وزن کے مطابق تیار کی گئی ہے۔
اس کو آپ تصویر میں دیکھ سکتے ہیں۔



۔اوپر دیکھائی گئی تصویر میں آپ دیکھ سکتے ہیں بچے کا وہ جھولا جو گاڑی کے لئے ہی بنایا گیا بائیں جانب تصویر میں اس میں آپ 10 کلوگرام تک کے بچے کو لے جا سکتے ہیں۔اور اس میں بچے کو بحفاظت طریقے سے لیٹا کر اس کے ارد گرد کوئی حفاظتی کپڑا بھی رکھ دیں تاکہ جھولے میں بچہ ادھر اودھر نہ کر سکے اور گاڑی چلاتے وقت جھٹکوں کے دوران بچہ حفاظت سے رہے اس کے سر کے نیچے بھی کوئی اسی چیز رکھیں جس سے بچہ گاڑی میں محفوظ رہ سکے۔اس کے ساتھ ساتھ حفاظتی بیلٹ بھی باندھنا بہت ضروری ہے۔اور تین ہکوں کی مدد سے آپ اس بچے کے جھولے کو گاڑی میں باندھ سکتے ہیں اور بہتر ہے کہ آپ اس کو گاڑی کی پچھلی سیٹ پر نصب کریں۔اور تصویر میں جو درمیان اور دائیں طرف والی حفاظتی سیٹ دیکھائی گئی ہے اس کو آپ گاڑی کی سامنے والی سیٹ پر بھی نصب کر سکتے ہیں۔لیکن صرف اسی صورت میں سامنے نصب کی جا سکتی ہے اگر گاڑی میں airbag موجود نہیں ہے یا پھر اسے بند کیا گیا ہے۔
تصویر میں آپ دیکھ سکتے ہو۔









یاد رہے کہ حفاظتی سیٹ صرف اسی صورت میں اگلی سیٹ پر نصب کریں اگر ائیر بیگ آف ہے تو لیکن اگر آن ہے تو بہتر ہے کہ حفاظتی سیٹ کو گاڑی کی پچھلی سائیڈ پر نصب کریں۔اور بچوں کے گروپ کے مطابق ہی ان کی سیٹ کا انتخاب کریں اور اگر بچے کا سر سیٹ سے اونچا ہونے لگ جائے تو آپ اس کی حفاظتی سیٹ کے گروپ کو بدل سکتے ہیں۔

۔گروپ 1۔9 کلوگرام سے لے کر 18 کلوگرام کے بچوں کے لئے۔عمر کے مطابق تقریباً 4 سے 5 سال تک کے بچے





تصاویر میں سب درج ہے

اس صورت میں بھی آپ کو بچے کی حفاظتی سیٹ کا انتخاب اس کے وزن کے مطابق کرنا ہوگا اور اگر بچے کا قد سیٹ کی سر رکھنے والی جگہ سے اوپر ہونا شروع ہوگیا ہے تو آپ اس کو بدل سکتے ہیں۔ اور یاد رکھے کہ حفاظتی بیلٹ کو باندھنا ضروری ہے اور حفاظتی سیٹ کو بھی صحیح طریقے سے باندھنا ضروری ہے ڈھیلا باندھنا خطرناک ہوسکتا ہے۔


۔گروپ 2۔15 کلوگرام سے لے کر 25 کلوگرام تک۔ اور عمر کے مطابق 4 سال سے لے کر 6 اور 7 سال کے بچے شامل ہیں۔

بڑے بچوں کے گروپ کی تیار کی گئی حفاظتی سیٹ میں ایک فنکشن موجود ہوتا ہے جس کی مدد سے سیٹ کو اونچا بھی کیا جاسکتا ہے اس لئے بہتر پوزشن پر رکھ کر اور اچھے طریقے سے حفاظتی سیٹ کو باندھ کر اس کا استعمال کریں۔

تصاویر میں آپ طریقہ دیکھ سکتے ہیں۔








اس عمر کے بچوں کے لئے بھی گاڑی کی سامنے والی سیٹ مناسب رہ سکتی ہے۔

۔گروپ 3۔22 کلو سے لے کر 36 کلوگرام تک وزن اور عمر کے مطابق 6 سال سے لے کر 12 سال تک کی عمر اور قد کے مطابق 1.50 میٹر سے زائد۔

تصاویر میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔



جن بچوں کو قد ابھی 1.50 میٹر تک کا نہیں ہوا ان کے لئے ضروری ہے سیٹ کے سر والی سائیڈ جہاں سر رکھتے ہیں اس کا صحیح استعمال یعنی اس کو اونچا کرنا اور کمر والی سائیڈ سے کسی حفاظتی چیز کا استعمال کرنا بے حد ضروری ہے۔

بارہ سال کی عمر 1.50 میٹر کا قد رکھنے والے بچے بڑوں والی گاڑی کی حفاظتی بیلٹ باندھ سکتے ہیں۔ اسکا استعمال صحیح طریقے سے کندھے سے لے کر کمر والے حصے تک صحیح باندھنا ہے اور یاد رہے کہ گاڑی کی بیلٹ گردن اور پیٹ کے نزدیک نہ باندھی جائے۔ اور سر رکھنے والے حصے کا استعمال قد کے مطابق بڑھانا بھی ضروری ہے۔

ایک صحیح طریقے سے حفاظتی طریقے سے گاڑی میں لے جانے کا طریقہ
تصاویر میں دیکھ سکتے ہیں۔



15 سے 36 کلوگرام تک کی سیٹ کے ذرف تین پوائنٹس ہیں
باندھنے والے اور صرف سر کو اوپر کرنے والا حصہ موجود ہے



9 کلوگرام سے لے کر 18 کلوگرام تک افو یکس کی حفاظتی بیلٹ
سمیت پانچ پوائنٹس ہیں اور حفاظتی اقدامات بھی زیادہ ہیں



9 کلوگرام سے لے کر 18 کلوگرام سے تک اس کی پانچ ہک ہیں
اور
تین پوائنٹ ہیں حفاظتی بیلٹ کے ہیں۔



15 سے 36 کلوگرام کرسی ابھرو کے ساتھ اور حفاظتی بیلٹ کی تین
پوائنٹس کے ساتھ



15 سے 25 کلوگرام۔ حفاظتی ٹیبل کے سسٹم کے ساتھ اور تین
حفاظتی بیلٹ کے پوائنٹس کے ساتھ



9 سے 18 کلوگرام تک۔ حفاظتی سیٹ چھوٹے حفاظتی ٹیبل کے ہمراہ
تین حفاظتی بیلٹ کے پوئنٹ کے ہمراہ

| | کلاس 0 | کلاس 0 پلس | کلاس 1 | کلاس 2 | کلاس 3 |
|---|---|---|---|---|---|
| وزن | 10 کلوگرام تک | 13 کلوگرام | 9 سے 18 کلوگرام تک | 15 سے 25 کلوگرام تک | 22 سے 36 کلوگرام تک |
| عمر | تقریباً 9 ماہ تک | تقریباً 18 ماہ تک | 9 ماہ سے تقریباً 4 سال تک | 3 سے 7 سال تک | 6 سے 12 سال تک اور تقریباً 1.50 قد تک |

یاد رکھیں۔ ہمیشہ گاڑی چلاتے وقت حفاظتی سیٹ کے استعمال کو مدنظر رکھیں اور بوقت ضرورت اس کا صحیح استعمال کریں۔ اور حفاظتی سیٹ کی حفاظتی بیلٹ کو بچے کے قد کی لمبائی کے مطابق استعمال کریں۔ حفاظتی بیلٹ کو اچھے طریقے سے بچے کے ساتھ بندھے ہوئے ہونا چاہیے۔ اور بہتر ہے کہ اگر کوئی جیکٹ پہنی ہوئی ہو تو اس کو اتار دیں کیونکہ اس سے حفاظتی سیٹ میں پروٹکشن کے چانس کم ہوتے ہیں۔ صرف اگر آپ نے حفاظتی سیٹ کا استعمال صحیح طریقے سے کیا ہے تو اس سے بچے کی جان کی حفاظت بھی ہوتی ہے

حفاظتی بیلٹ کے بغیر گاڑی چلانے سے 74 یورو کا جرمانہ اور لائسنس کے 5 پوائنٹس کاٹ لئے جاتے ہیں۔
کسی بچے کو گاڑی میں بحفاظت حفاظتی سیٹ کے نہ لے کر جانے سے بھی 74 یورو کا جرمانہ اور لائسنس کے 5 پوائنٹس کاٹ لئے جاتے ہیں۔

**Thanks to**
**Journalist Nosheen Ilyas**
**ilyas.nosheen@gmail.com**

Up dated: *01/01/2009*